تنظیمِ اسلامی مرکزی شعبہ نشرواشاعت
K/36 ماڈل ٹاؤن لاہور-فون 3-042-35869501 -042-35856304 فیکس 042-35834000
E-mail: media@tanzeem.org, Website:www.tanzeem.org

تنظیم اسلامی

# پریس ریلیز

24-جنوری 2020ء

## ٹرانسپیرنسی انٹرنیشنل کی رپورٹ حکومت کے لیے باعث شرم ہے
## حافظ عاکف سعید

لاہور (پ ر) یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر حافظ عاکف سعید نے ایک بیان میں کہی۔ اُنھوں نے کہا کہ تحریکِ انصاف کی حکومت اور خاص طور پر وزیر اعظم عمران خان ایک عرصہ دراز سے اپنے تئیں کرپشن کے خلاف جہاد کا اعلان کر رہے تھے لیکن اُن کے اپنے ہی دورِ حکومت میں کسی عالمی ایجنسی کا یہ رپورٹ دینا کہ 2019ء میں پاکستان میں کرپشن میں گذشتہ سال کی نسبت اضافہ ہوا ہے، یقیناً اُن کے لیے انتہائی باعثِ شرم وندامت ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ وزیر اعظم پاکستان کو اپنے قریبی ساتھیوں اور بیوروکریسی پر کڑی نگاہ رکھنی ہوگی۔ یہ ایک ناقابل تردید امر ہے کہ مہنگائی کی وجہ سے اُن کی حکومت عوام میں بہت غیر مقبول ہو چکی ہے اور اُنھیں سخت عوامی ردِّعمل کا سامنا ہے۔

امیر تنظیم اسلامی نے افریقہ کے ایک اسلامی ملک گیمبیا کو زبردست خراجِ تحسین پیش کیا جس نے تن تنہا کوشش کر کے عالمی عدالت انصاف میں میانمار کے خلاف مقدمہ درج کرایا ہے کہ حکومت میانمار اپنے ملک میں روہنگیا مسلمانوں پر مسلسل ظلم وستم ڈھا رہی ہے اور اُن کی نسل کشی کر رہی ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ افریقہ کے اِس چھوٹے سے ملک کی کوششوں کے نتیجہ میں عالمی عدالت انصاف نے یہ اعتراف کیا ہے اور فیصلہ دیا ہے کہ عدالت اُن الزامات پر مبنی یہ مقدمہ سننے کی مجاز ہے۔ اُنھوں نے کہا کہ ضرورت ہے کہ سعودی عرب، پاکستان، ایران، ترکی اور ملائیشیا جیسے بڑے مسلمان ممالک بھی اِس حوالے سے آگے بڑھیں اور عدالت میں فریق بنیں تاکہ عالمی عدالتِ انصاف پر پریشر میں اضافہ ہو اور میانمار حکومت کے مظالم کو روکا جا سکے۔ اُنھوں نے مطالبہ کیا کہ جنیوا کنونشن اور دیگر بین الاقوامی قوانین کے تحت میانمار پر پابندیاں لگائی جائیں۔

جاری کردہ

(ایوب بیگ مرزا)
ناظم نشرواشاعت تنظیم اسلامی
0321-4893436

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE:** 24 Jan 2020

## "The recent report issued by Transparency Internationalhas dispensed pronounced shame to the present government."

**(Hafiz Aakif Saeed)**

**Lahore (PR): "The recent report issued by Transparency International has dispensed pronounced shame to the present government."**

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Hafiz Aakif Saeed**, in a statement. The Ameer remarked that the government of Pakistan Tehreek-e-Insaf (PTI) and the present Prime Minister Imran Khan, in particular, had been declaring a self-professed 'holy war' against corruption for long, however the report issued by an international organization (Transparency International) during his own term as the Prime Minister of Pakistan clearly indicating that corruption in the country had increased in the year 2019 as compared to the previous year is, indeed, a matter of great disgrace and humiliation for him. The Ameer asserted that the Prime Minister of Pakistan would have to strictly and keenly monitor his close aides and the bureaucracy of the country. It is an irrefutable fact that his government has become extremely unpopular among the masses due to high inflation and is, hence, facing pungent reaction from the general public, the Ameer noted.

The Ameer of Tanzeem-e-Islami expressed great commendation and acclaim for Gambia, an African Islamic country, which had registered a case in the International Court of Justice (ICJ), with unyielding lonesome effort, against Myanmar, with the plea that the government of Myanmar is continuously oppressing and brutalizing the Rohingya Muslims in their country and committing the act of genocide against them. The Ameer remarked that due to the persistent efforts of this small African country, the ICJ has acknowledged the legitimacy of Gambia's plea against Myanmar and given the verdict that the court has the jurisdiction to hear the case on the basis of the accusations made by the plaintiff. The Ameer insisted on the necessity of 'bigger and more influential' Muslim countries, such as Saudi Arabia, Pakistan, Iran, Turkey and Malaysia, to come forward and become a party to this case, so that further ethical pressure could be placed on the ICJ and the oppression and brutalities of the government of Myanmar could be stopped. The Ameer concluded by demanding that sanctions ought to be imposed on Myanmar, according to the Geneva Convention and other pertinent International laws.


**Issued by**
**Ayub Baig Mirza**
**MarkaziNazim of Press and Publications Section**
**Tanzeem-e-Islami, Pakistan**